## سوال

(63)شہوت کم کرنے کی دوا کھانا

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

ایک شخص جس پر شہوت غالب ہے اور روزہ رکھنے سے بھی اسے فائدہ نہیں ہو رہا تو کیا وہ شہوت کم کرنے کی دائیں کھا سکتا ہے؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

ہم سائل کو پہلے تو یہ نصیحت کریں گے کہ اگر وہ شادی کرنے کی استطاعت رکھتا ہے تو شادی کرے۔ دوائیں بھی استعمال کر سکتا ہے بشرطیکہ وہ اسے نقصان نہ پہنچائیں اور ماہرین کی رائے میں شہوت کو بالکل ختم کرنے والی نہ ہوں اور یہ اس لیے کہ اپنی عصمت و عفت کی حفاظت کرنا واجب ہے اور اس غرض کے لیے تمام ممکنہ وسائل استعمال میں لائے جا سکتے ہیں۔

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

فتاویٰ صراط مستقیم

## نکاح وطلاق کے مسائل، صفحہ:383

محدث فتویٰ